وقت امریکہ نے طفل تسلیوں کے علاوہ پاکستان کی نہ صرف کوئی عملی مدد نہیں کی ، بلکہ اس کے برعکس مشرقِ وسطیٰ میں وہ اپنے لے پالک اسرائیل کی عملی حمایت و معاونت کے لئے اپنے تمام وسائل و ذرائع کو بروئے کار لے آیا اور ہنوز لا رہا ہے لیکن پاکستان سے وہ اسلحہ کی بات تک کرنے کا روادار نہیں ———— کیا ایسے عالم میں یہ سوچا بھی جا سکتا ہے کہ کسی افتاد میں امریکہ ہماری فوجی اور مؤثر مدد دے گا ———— ؟

رہا چین ، تو وہ پورے اخلاص اور ہم سے اپنے گوناگوں تعلقات کے باوصف ہماری غلط اور ناقابلِ اعتماد پالیسیوں کی بنا پر ہمارے لئے اپنے آپ کو شاید ہی اس حد تک ملوّث کرنے پر تیار ہو . جس حد تک روس ہماری مخالفت میں ، اپنے آپ کو ملوّث کر چکا اور بھارت و افغانستان کو ہمارے مقابلہ میں کھڑا کر چکا ہے ۔

اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ بات بھی فراموش نہیں کرنی چاہیئے کہ گذشتہ عرب اسرائیل جنگ میں ہمارے کردار نے ہمیں عرب بھائیوں سے کافی حد تک دور کر دیا ہے اور ایران کے بارے میں وزیراعظم خود ہی کہہ چکے ہیں کہ وہاں سے ہمیں اسلحہ کی کوئی ضرورت نہیں ———— ایسے حالات میں اگر داخلی طور پر خود قوم بھی اس خطرے کے مقابلے کے لئے تیار نہ ہوگی تو پھر نہ جانے ملک اور اہل ملک کا کیا حشر ہوگا ———— !

———— کیا موجودہ حکومت اس خطرہ کی طرف توجہ دینے کے لئے تیار ہے ؟

ہمیں آپ کے تعاون کی اشد ضرورت ہے !

قارئین کرام اس امر سے بخوبی آگاہ ہیں کہ "ترجمان الحدیث" عرصہ چار پانچ سال سے نشر و اشاعت اسلام اور خدمت دین حقہ میں بھرپور حصہ لے رہا ہے ۔ ہمارے لئے آپ کا تعاون یہ بھی بہت ہے کہ آپ کم از کم اپنے واجبات بروقت ادا کرتے رہیں ———— اگر آپ کے پرچے پر "آپ کا چندہ ختم ہے" کی مہر لگی ہوئی ہے تو آپ کو چاہیئے کہ پندرہ دن کے اندر رقم بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمائیں ورنہ آئندہ پرچہ ساٹھ پیسے کا وی پی ہوگا، وی پی وصول کرنا آپ کا اخلاقی اور دینی فریضہ ہوگا ۔ عدم وصولی کی صورت میں آپکے نام پرچہ کی ترسیل بند کر دی جائیگی ۔ — مینیجر